Consulate General of the United States – Karachi, Pakistan

PRESS RELEASE

4 ستمبر 2014

برائے رابطہ: برائن آسمس، ترجمان

021-35275000

برائے فوری ترسیل

امریکی قونصل خانے کے زیر اہتمام لیبر قوانین کے نفاذ کے بارے میں مذاکرہ

کراچی۔امریکی قونصل خانے اور ٹریڈ ڈولپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP) کے اشتراک سے پاکستان میں مزدوروں کے حقوق اور لیبر قوانین کے نفاذ کے بارے میں ایک سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ کراچی میں متعین امریکی قونصل جنرل برائن ہیتھ، ایڈیشنل سیکریٹری محکمہ لیبر سندھ قمر رضا بلوچ، عالمی ادارہ برائے مزدور (ILO) کے کنٹری ڈائریکٹر فرانسسکو ڈویڈیو، ، تاجر برادری کے نمائندوں اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے تقریب میں شرکت کی۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے قونصل جنرل برائن ہیتھ کا کہنا تھا کہ 'امریکی اور یورپی کمپنیاں پاکستان میں سرمایہ کاری اور یہاں کی منڈیوں سے خریداری سے پہلے لیبر قوانین کے نفاذ کا جائزہ لیتی ہیں۔اس معاملے میں ان کمپنیوں کو مقامی صارفین کی جانب سے انتہائی دباو کا سامنا ہوتا ہے۔'

قونصل جنرل جو خود بھی ایک انتظامی افسر رہ چکے ہیں، کا مزید کہنا تھا کہ 'اگر لیبر قوانین کا درست نفاذ کیا جائے تو ملازمین بہتر طور پر خدمات انجام دے سکتے ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ مجموعی پیداوار میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔'ان کا مزید کہنا تھا کہ 'اگر لیبر قوانین کا درست نفاذ نہیں کیا جائے تو نا صرف پیداوار میں کمی ہوتی ہے بلکہ امن وامان کی صورت حال بھی خراب ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔'

لیبر قوانین کے حوالے سے اس مذاکرے میں USAID، سرکاری اور غیر سرکاری تنظیموں، فیکٹری مالکان، لیبر یونین کے نمائندوں اور امریکی قونصل خانے کے اہلکاروں نے شرکت کی ۔تقریب میں پاکستان میں لیبر قوانین کے نفاذ کی موجودہ صورتحال، امریکی کمپنیوں کے طریقہ کار اور چھوٹے کاروبار کی ترویج پر بحث کی گئی۔

####